درسِ رمضان المبارک:28

مرتب
ڈاکٹر محمد نعمان رضا بابر

زیرِ نگرانی
علامہ ابوالنّور راشد علی عطاری مدنی

پیشکش: ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، انٹر نیشنل

کتاب پڑھنے کی دُعا

دینی کتاب یا اسلامی سبق پڑھنے سے پہلے ذیل میں دی ہوئی دُعا پڑھ لیجئے اِنْ شَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ جو کچھ پڑھیں گے یاد رہے گا۔ دُعا یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ افْتَحْ عَلَيْنَا حِكْمَتَكَ وَانْشُرْ عَلَيْنَا رَحْمَتَكَ يَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَام

نام کتاب : خلاصہ پارہ اٹھائیس مع درسِ حدیث

مرتب : ڈاکٹر محمد نعمان رضا بابر

صفحات : 15

اشاعت اوّل: مارچ 2025ء (ویب ایڈیشن)

پیشکش : ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، انٹرنیشنل

اس فائل میں پہلے پارہ میں پائے جانے والے احکامِ الٰہیہ میں سے اوامر اور نواھی منتخب کر کے شامل کیے گئے ہیں۔

یہ خلاصہ قرآن ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹر نیشنل کے کورس "فہم و تدبر قرآن پریکٹیکل کورس" کے شرکاء نے تیار کیا ہے۔ جس کی ٹریننگ کورس میں دی گئی الحمدللہ

خلاصہ مرتب کرنے والے:

ڈاکٹر محمد نعمان رضا بابر

خلاصہ قرآن کے بعد شیخ طریقت امیر اہل سنت علامہ الیاس قادری دامت برکاتہم العالیہ کی دو اربعینات میں سے ایک ایک حدیث پاک شامل ہے۔ ان کا درس آپ بعدِ عصر یا فجر میں اپنی سہولت سے دے سکتے ہیں

ہماری فائل پر عمل کریں گے تو ان شاء اللہ اختتام رمضان پر مکمل قرآن پاک کا مختصر خلاصہ اور 60 احادیث کا درس مکمل ہو گا۔ ان شاءاللہ

خلاصہ پارہ اٹھائیس

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

الصلوۃ والسلام علیك یارسو ل اللہ

١. ظہار کرنے کے بعد رجوع کرنے کے خواہشمند ایک غلام آزاد کریں (پارہ ٢٨، سورۃ ٥٨، آیت ٣)

٢. اگر وہ لوگ غلام آزاد نہ کروا سکیں تو دو ماہ کے روزے رکھیں، اس کی بھی استطاعت نہ ہو تو ساٹھ مساکین کو کھانا کھلائیں (پارہ ٢٨، سورۃ ٥٨، آیت ٤)

٣. اس بات پر کامل یقین ہو کہ وہ ذلیل ورسواء ہو گا جو اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کرے گا۔ (پارہ ٢٨، سورۃ ٥٨، آیت ٥)

٤. گناہ، ظلم وزیادتی اور رسول اللہ کی نافرمانیوں پر مبنی سرگوشیاں مت کرو, اگر سرگوشیاں کرنی ہی ہیں تو نیکی اور پرہیز گاری کی بات کیا کرو (پارہ ٢٨، سورۃ ٥٨، آیت ٩)

٥. تقویٰ اختیار کرو (پارہ ٢٨، سورۃ ٥٨، آیت ٩)

٦. اللہ پر توکل رکھو، بھروسہ رکھو (پارہ ٢٨، سورۃ ٥٨، آیت ١٠)

۷. اطاعتِ الٰہی میں پیش پیش رہو، یہاں تک کہ جب تم سے کہا جائے بیٹھ جاؤ تو بیٹھ جاؤ اور جب کھڑے ہونے کا کہا جائے تو کھڑے ہو جاؤ (پارہ ۲۸، سورۃ ۵۸، آیت ۱۱)

۸. مجالس میں گنجائش بناؤ تا کہ اللہ تعالیٰ تمہارے لیے وسعتیں بڑھا دے۔ (پارہ ۲۸، سورۃ ۵۸، آیت ۱۱)

۹. جب بھی رسول اللہ سے کوئی علیحدگی میں بات کرنا چاہو تو پہلے صدقہ دیا کرو۔ (پارہ ۲۸، سورۃ ۵۸، آیت ۱۲) یہ منسوخ ہے

۱۰. نماز قائم کرو، زکوٰۃ ادا کرو اور اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت و فرمانبرداری کرتے رہو۔ (پارہ ۲۸، سورۃ ۵۸، آیت ۱۳)

۱۱. جھوٹی باتوں پر قسمیں مت کھاؤ (پارہ ۲۸، سورۃ ۵۸، آیت ۱۴)

۱۲. دوسروں کو اللہ تعالیٰ کے رستے سے مت ہٹاؤ (پارہ ۲۸، سورۃ ۵۸، آیت ۱۶)

۱۳. یقین رکھو کہ اللہ تعالیٰ بڑے اقتدار والا اور قوت والا ہے۔ (پارہ ۲۸، سورۃ ۵۸، آیت ۲۱)

۱۴. یقین رکھو کہ اولیاء اللہ کو دوست رکھنے والا گروہ ہی فلاح پانے والا

ہے(پارہ۲۸،سورۃ۵۸، آیت ۲۲)

۱۵. اللہ اور اس کے محبوب کے مخالفین کے قصوں سے عبرت حاصل کرو(پارہ۲۸،سورۃ۵۹، آیت ۱)

۱۶. اللہ کے رسول تمہیں جو کچھ دیں، وہ لے لو اور جس چیز سے منع کر دیں اس سے بعض آجاؤ اور اللہ سے ڈرتے رہو۔(پارہ۲۸، سورۃ۵۹، آیت ۷)

۱۷. اے ایمان والو! اللہ کا تقویٰ اختیار کرو(پارہ۲۸، سورۃ۵۹، آیت ۱۸)

۱۸. اے امت محمدیہ ! تم ان لوگوں جیسے نہ ہو جانا جو خدا کی یاد سے غافل ہو گئے(پارہ۲۸، سورۃ۵۹، آیت۱۹)

۱۹. قران مجید میں بیان کردہ امثال اور سابقہ اقوام کے واقعات پر غور و فکر کرو(پارہ۲۸،سورۃ۵۹، آیت ۲۱)

۲۰. اے ایمان والو اللہ تعالیٰ کے دشمنوں کو محبت کے پیغام مت بھیجو اگر تم اللہ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے گھروں سے نکلے ہو تو(پارہ ۲۸،سورۃ۶۰، آیت ۱)

۲۱. جن لوگوں نے دین کے معاملے میں مسلمانوں سے جنگ نہیں کی تو ان کے ساتھ نیکی کا معاملہ کرو اور انصاف کرو (پارہ ۲۸، سورۃ ۶۰، آیت ۸)

۲۲. جن لوگوں نے دین کے معاملے میں جنگ کی یا جنگ کرنے والوں کی مدد کی ان سے دوستی مت رکھو (پارہ ۲۸، سورۃ ۶۰، آیت ۹)

۲۳. اے ایمان والو جب تمہارے پاس عورتیں ہجرت کر کے ائیں تو تم انہیں جان لیا کرو اور جب جانچ مکمل ہو جائے تو انہیں کافروں کے پاس واپس مت بھیجو (پارہ ۲۸، سورۃ ۶۰، آیت ۱۰)

۲۴. ان کافروں نے ان عورتوں پر مہر کی صورت میں جو کچھ خرچ کیا ہو وہ انہیں ادا کر دو (پارہ ۲۸، سورۃ ۶۰، آیت ۱۰)

۲۵. اے ایمان والو ان لوگوں کو دوست نہ بناؤ جن پر اللہ نے غضب فرمایا (پارہ ۲۸، سورۃ ۶۰، آیت ۱۳)

۲۶. اے ایمان والو ایسی بات مت کہو جو تم کہتے تو ہو مگر کرتے نہیں (پارہ ۲۸، سورۃ ۶۱، آیت ۲)

۲۷. اللہ کے راستے میں جہاد یوں کرو جیسے سیسہ پلائی عمارت ہو (پارہ

۲۸،سورۃ ۶۱، آیت ۴)

۲۸. سابقہ اقوام کے واقعات سے عبرت حاصل کرو(پارہ ۲۸، سورۃ ۶۱، آیت ۶-۵)

۲۹. اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اپنے مال و دولت اور اپنی جانوں سے اللہ کے راستے میں جہاد کرو(پارہ ۲۸،سورۃ ۶۱، آیت ۱۱)

۳۰.لوگوں کو اس فتح کی جو عنقریب مسلمانوں کو ملنے والی ہے، اس کی خوشخبری سنادو(پارہ ۲۸،سورۃ ۶۱، آیت ۱۳)

۳۱. اے ایمان والو تم اللہ کے دین کے مددگار بن جاؤ(پارہ ۲۸، سورۃ ۶۱، آیت ۱۴)

۳۲. اے ایمان والو جب جمعہ کے دن نماز کے لیے پکارا جائے تو اللہ کے ذکر کی طرف لپکو اور خرید و فروخت ترک کر دو(پارہ ۲۸، سورۃ ۶۲، آیت ۹)

۳۳. پھر جب جمعہ کی نماز ادا کر لو تو زمین میں منتشر ہو جاؤ اور اللہ کا فضل تلاش کرو(پارہ ۲۸، سورۃ ۶۲، آیت ۱۰)

۳۴. اللہ تعالی کا ذکر کثرت سے کیا کرو تا کہ تم فلاح پا جاؤ(پارہ ۲۸،

سورۃ۶۲، آیت ۱۰)

۳۵. اے بھولے بھالے ایمان والو منافقین کی میٹھی میٹھی باتوں سے ہوشیار رہو(پارہ ۲۸، سورۃ ۶۳، آیت ۴)

۳۶. اے ایمان والواپ کو کثرت سے یاد کرواور یہ بات ذہن نشین کر لو کہ دولت اور اولاد کی محبت تمہیں اللہ کی یاد سے غافل نہ کر دے(پارہ ۲۸، سورۃ ۶۳، آیت ۹)

۳۷. اور اللہ نے جو رزق تمہیں عطا کیا ہے اس میں سے صدقہ و خیرات کیا کرو(پارہ ۲۸، سورۃ ۶۳، آیت ۱۰)

۳۸. اللہ اور اس کے رسول اور اس روشنی یعنی کلام الہٰی پر ایمان لاؤ (پارہ ۲۸، سورۃ ۶۴، آیت ۸)

۳۹. اللہ اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کرو(پارہ ۲۸، سورۃ ۶۴، آیت ۱۲)

۴۰. صرف اللہ پر بھروسہ رکھو، وہی کارساز ہے(پارہ ۲۸، سورۃ ۶۴، آیت ۱۳)

۴۱. اے ایمان والو تمہاری بیویوں اور تمہاری اولادوں میں سے کچھ

تمہارے دشمن ہیں جو تمہیں اللہ کی نافرمانی پر اکساتے ہیں ان سے ہوشیار رہو (پارہ ۲۸، سورۃ ۶۴، آیت ۱۴)

۴۲. اللہ سے ڈرتے رہو اور اللہ کے احکامات کو سنو اور پھر ان پر عمل کر و اور ان احکامات کے مطابق خرچ کرو (پارہ ۲۸، سورۃ ۶۴، آیت ۱۶)

۴۳. اللہ کو قرض حسنہ دو تاکہ وہ اسے تمہارے لیے کئی گناہ بڑھا دے اور تمہیں بخش دے (پارہ ۲۸، سورۃ ۶۴، آیت ۱۷)

۴۴. جب تم عورتوں کو طلاق دینا چاہو تو ان کے طہر کے زمانے میں طلاق دو اور عدت کو شمار کرو۔ (پارہ ۲۸، سورۃ ۶۵، آیت ۱)

۴۵. اللہ سے ڈرتے رہو (پارہ ۲۸، سورۃ ۶۵، آیت ۱)

۴۶. عورتوں کو اس وقت تک گھروں سے مت نکالو جب تک وہ کھلی بے حیائی نہ کر بیٹھیں (پارہ ۲۸، سورۃ ۶۵، آیت ۱)

۴۷. طلاق دینے کے بعد جب وہ عورتیں اپنی عدت کی معیاد کو پہنچنے لگیں تو تم یہاں تو انہیں بھلے طریقے سے اپنے نکاح میں روک لو یا پھر بھلے طریقے سے ان کو الگ کر دو اور اپنے میں سے دو ایسے ادمیوں کو گواہ بنالو جو انصاف والے ہوں (پارہ ۲۸، سورۃ ۶۵، آیت ۲)

۴۸. اللہ کی خاطر سچی اور سیدھی گواہی دو (پارہ ۲۸، سورۃ ۶۵، آیت ۲)

۴۹. اور عورتوں میں سے جو ماہواری کے انے سے مایوس ہو چکی ہوں اگر تمہیں ان کی عدت کے بارے میں شک ہو تو یاد رکھو کہ ان کی عدت تین مہینے ہے، اور ان عورتوں کی عدت بھی یہی ہے جنہیں ابھی ماہواری آئی ہی نہیں، اور حاملہ خواتین کی میاد یہ ہے کہ وہ اپنے پیٹ کا بچہ جن لیں (پارہ ۲۸، سورۃ ۶۵، آیت ۴)

۵۰. مطلقہ عورتوں کو وہیں رکھو جہاں تم اپنی وسعت کے مطابق رہتے ہو اور انہیں تکلیف مت پہنچاؤ کہ ان پر رہنے کا ٹھکانہ تنگ کر دو (پارہ ۲۸، سورۃ ۶۵، آیت ۶)

۵۱. مطلقہ عورت اگر حاملہ ہو تو ان پر خرچ کرتے رہو یہاں تک کہ وہ اپنا بچہ جن لیں، پھر اگر وہ تمہاری خاطر بچے کو دودھ پلائیں تو انہیں ان کا معاوضہ ادا کرتے رہو، اور اپس میں ایک دوسرے سے نیک بات کا مشورہ حسب دستور کر لیا کرو (پارہ ۲۸، سورۃ ۶۵، آیت ۶)

۵۲. اے عقل والو اللہ پر ایمان لاؤ اور اللہ سے ڈرتے رہو (پارہ ۲۸،

سورۃ٦٥، آیت١٠)

٥٣. اے ایمان والو اپنے اپ کو اور اپنے گھر والوں کو اس اگ سے بچاؤ جس کا ایندھن انسان اور پتھر ہوں گے (پارہ٢٨، سورۃ٦٦، آیت٦)

٥٤. اے ایمان والو اللہ کے حضور سچی توبہ کرو (پارہ٢٨، سورۃ٦٦، آیت٨)

٥٥. کافروں اور منافقوں سے جہاد کرو اور ان کے مقابلے میں سخت اور متحد ہو جاؤ (پارہ٢٨، سورۃ٦٦، آیت٩)

درسِ حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جہنّم کی آگ سے آزادی

مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ فِیْ کُلِّ یَوْمٍ مِائَۃَ مَرَّۃٍ قَضَی اللہُ لَہٗ مِائَۃَ حَاجَۃٍ اَیْسَرُھَا عِتْقُہٗ مِنَ النَّارِ

فرمانِ آخِری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: جو شخص مجھ پر روزانہ 100 بار دُرودِ پاک پڑھے گا، اللہ پاک اُس کی 100 ضرورتیں پوری کرے گا، جن میں سب سے آسان اُس کی جَہَنَّم کی آگ سے آزادی ہے۔ (اَفْضَلُ الصَّلَوَات لِلنَّبہانی، ص 21)

جنّت میں جگہ دیکھ لے گا

مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ فِی یَوْمِ الْجُمُعَۃِ اَلْفَ مَرَّۃٍ، لَمْ یَمُتْ حَتّٰی یَرٰی مَقْعَدَہٗ مِنَ الْجَنَّۃِ

فرمانِ آخِری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: ”مجھ پر جو جُمعے کے دن ہزار

بار دُرودِ پاک پڑھے گا وہ اُس وقت تک نہیں مرے گا جب تک جنّت میں اپنی جگہ نہ دیکھ لے۔"(اَفْضَلُ الصَّلَوَات لِلنَّبْہانی، ص25)

✍ راشد علی عطاری مدنی
ایم فل ریسرچ اسکالر
ڈائریکٹر: ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹر نیشنل
https://wa.me/923126392663